SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

For immediate Release

June 24, 2016

ایس ای سی پی کے زیرِاہتمام گروپ بیمہ صحت کے لئے کانفرنس کاانعقاد

اسلام آباد: 24جون: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان کے زیرِاہتمام بیمہ صحت کے کاروبار سے منسلک بیمہ کمپنیوں کے لئے گول میز کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس میں کاروبارِ حیاتی اور غیر حیاتی بیمہ کی سہولت فراہم کرنے والی کمپنیوں کے بیس سے زائد نمائندوں نے شرکت کی۔ کانفرنس کا مقصد بیمہ صحت کے کاروبار سے منسلک بیمہ کمپنیوں کے مابین تبادلہء معلومات کے باقاعدہ نظام کا قیام تھا۔ کانفرنس میں مرکزی امانت خانہ کمپنی (سی ڈی سی) کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔

ایس ای سی پی نے اس موقع پر بتایا کہ بیمہ صحت کے حوالے سے معلومات کا تبادلہ بیمہ کمپنیوں کے لئے بہت سے فوائد کا باعث ہوگا۔ اس موقع پر مرکزی امانت خانہ کمپنی کے نمائندے نے شرکاء کو بتایا کہ معلومات کی رازداری اور تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔

Media and Corporate Communications Department
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk

اس اقدام سے سٹیک ہولڈرز جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے زیادہ بہتر انداز میں بیمہ صحت کی خدمات فراہم کر سکیں گے۔ کانفرنس میں فیصلہ کیا گیا کہ مرکزی تبادلہ معلومات برائے صنعتِ حیاتی بیمہ میں اس مقصد کے لئے ایک اضافی رجسٹر رکھا جائے گا۔

کانفرنس سے شرکاء نے صنعتِ بیمہ کے لئے جدید ٹیکنالوجی کے فروغ کے لئے ایس ای سی پی کو کوششوں کی تعریف کی۔ کمشنر بیمہ نے اس موقع پر تمام شرکاء کا کانفرنس میں شرکت اور دلچسپی لینے پر شکریہ ادا کیا۔

Media and Corporate Communications Department
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk